لِكُلٍّ جَعَلْنَا مِنكُمْ شِرْعَةً وَّمِنْهَاجًا

مِنهَاجُ العَرَبِيَّة

٢

الجُزْءُ الثّانى

لِلسّيّد نبى الحيدرابادى

اُستاذ اللّغةِ العربيّةِ بِالجامعةِ العُثمانيةِ سابقًا

خصوصیات

۱: اس جزء میں مؤنث، جمع مکسّر اور فعل کا استعمال کیا گیا ہے۔ فعل میں صرف واحد و جمع مذکر کے صیغے استعمال کیے گئے ہیں، اور وہ بھی صرف ثلاثی مجرد صحیح۔

۲: جمع سالم استعمال نہیں کی گئی، صرف مکسّر کے چند اَوزان استعمال کیے گئے ہیں۔

۳: تمرینوں میں جزء ثانی کے نئے الفاظ کے ساتھ جزء اول کے الفاظ بھی بارہا استعمال کیے گئے ہیں۔

۴: اس جزء میں تقریباً ۸٪ فیصد قرآن کے الفاظ یا مادّے ہیں۔ مختلف قابلِ فہم قرآنی آیتوں کو متن اور عربی یا اردو تمرینوں میں مقررہ اصولوں کے تحت استعمال کرنے کی کوشش کی گئی ہے، اس طرح کہ اگر اردو کا ترجمہ عربی میں کیا جائے تو تقریباً قرآنی آیت ہو جائے۔

۵: جزء اول کی طرح اس جزء میں بھی تناسبِ الفاظ کا لحاظ رکھا گیا ہے، کسی درس میں دس سے زیادہ نئے لفظ استعمال نہیں کیے گئے۔

۶: اس جزء سے نظم شروع کی گئی ہے جو مقررہ اصولوں کے تحت ہی لکھی گئی ہے۔

۷: فہرس الفاظ میں واحد، جمع، ماضی کے اشارے اس طرح سے درج کر دیئے گئے ہیں، و سے واحد۔ ج سے جمع۔ م سے ماضی۔

هدایات برائے اساتذہ

۱ : مؤنث کا تصور اردو میں مؤنث کی کثیر مثالوں کے ذریعہ کرایا جائے، اس طرح کہ مبتدا اور خبر کی مطابقت طلبہ کے ذہن نشین ہو جائے، پھر سر دست یہ بتایا جائے کہ عربی زبان میں عورتوں کے نام مؤنث ہوتے ہیں، یا اگر کلمہ کے آخر "ۃ" ہو یا وہ بے عقل اسموں کی جمع ہو تو اس کو بھی مؤنث سمجھا جائے جیسے طاولۃ، مدرسۃ، کتب وغیرہ، ایسے اسموں کے لیے جملہ پورا کرنے والے کلمے (خبر) میں بھی "ۃ" لگائی جائے گی جیسے المدرسۃ کبیرۃ اور الکتب جدیدۃ وغیرہ۔ خلاف قاعدہ مؤنث اسمار کو یاد دلایا جائے۔

۲ : مرکّب توصیفی کے سلسلے میں طلبہ اگر پوچھیں کہ المدرسۃ الکبیرۃ اور مدرسۃ کبیرۃ میں کیا فرق ہے؟ تو سرِ دست یہ کہا جائے کہ پہلے مرکب کے معنی بڑا مدرسہ اور دوسرے کے معنی ایک یا کوئی بڑا مدرسہ۔ یہ سمجھایا جائے کہ "ال" اگر اسم پر نہ ہو تو اس کے معنی میں ایک یا کوئی یا کسی یا کچھ الفاظ موقع

کے لحاظ سے کہے جائیں۔ نیز یہ توضیح بھی مناسب ہے کہ اسم پر "ال" ہو تو صفت پر بھی "ال" ہوگا ورنہ نہیں، اور جو حرکت اسم پر ہوگی وہی صفت پر بھی ہوگی۔ غرض کہ دونوں میں پوری مطابقت ضروری ہے۔ نیز ایسے مرکب کے ترجمہ میں طلبہ کی توجہ اسم پر مرکوز کرنے کی کوشش کی جائے۔ اسم لکھنے کے بعد صفت آسانی سے لکھی جاسکتی ہے۔ سہولت کے لیے کتاب کی اردو تمرینوں میں صفات کو خط کشیدہ رکھا گیا ہے تاکہ طلبہ ان کا ترجمہ پہلے نہ کریں۔

۳: ماضی اور مضارع کے اصطلاحی الفاظ ابتداءً کہنا مناسب نہیں، ان کا تصور اردو میں کثیر مثالوں سے کرایا جائے۔ مضارع میں یہ بتایا جائے کہ موجودہ وقت یا آنے والے وقت میں اگر کوئی کام ہو تو اس کے لیے ایک ہی کلمہ کہا جاتا ہے، جیسے 'جاتا ہوں' یا 'جاؤں گا' وغیرہ۔

ماضی کے آخری حرف کے زبر اور مضارع کے پیش کو ذہن نشین کرایا جائے، نیز ان کی درمیانی حرکت کا بھی خیال رکھا جائے تو بہتر ہے، غیر ضروری سختی نامناسب ہے۔

۴: مضارع بنانے کے متعلق یہ کہا جائے کہ ماضی کے شروع میں " ی، ت، ا، ن " میں سے کوئی حرف فی الحال زبر کے

ساتھ لگا جائے اور اس کے بعد عموماً ساکن کیا جائے۔ اگر 'میں' کہنا ہو تو 'أ' لگایا جائے، جیسے 'میں جاتا ہوں' کے لیے 'أَذْهَبُ' کہیں گے، 'ہم' کہنا ہو تو 'ن' 'تو' یا 'تم' یا آپ کے لیے 'ت' ورنہ 'ی' لگائی جائے جیسے أَذْهَبُ، نَذْهَبُ، تَذْهَبُ، يَذْهَبُ۔

۵ : امر بنانے کے متعلق سرِدست یہ کہا جائے کہ مضارع مثلاً تذهب کی 'ت' نکال دیجائے اور اس کی جگہ مکسور ہمزہ لگایا جائے۔ اگر 'ت' نکالنے کے بعد اس کا پڑھنا ناممکن ہو، ورنہ نہیں، اور آخر کو ساکن کیا جائے جیسے تَذْهَبُ سے اِذْهَبْ۔ کبھی ہمزہ کو پیش بھی آتا ہے جیسے تَنْصُرُ سے اُنْصُرْ۔

٦ : نہی کا قصہ صاف ہے لیکن طلبہ اُردو اور انگریزی کے خیال سے 'جا'، مت جا' کی طرح 'اِذْهَبْ'، لَا اِذْهَبْ' نہ کہدیں، منفرداً امر و نہی کے ذہن نشین ہونے کے بعد دونوں کی مخلوط مشق کرائی جائے جیسے کھیل، مت کھیل۔ پڑھ، مت پڑھ وغیرہ۔

۷ : یہ بتایا جائے کہ 'اَفْعَلُ' کے وزن پر جو لفظ ہو اس پر تنوین نہ ہوگی اور اس کے آخر 'ۃ' بھی نہیں لگائی جائے گی۔

۸ : اَنَّ کے متعلق صرف یہ کہنا مناسب ہے کہ اس کے بعد کے اسم پر زبر (یا متبدلہ شکل) ہوتا ہے اور 'اَنَّ' کو (جو تقریباً کتاب کے آخر حصّے میں ہے) تاکیدی کلمہ بتایا جائے۔ حروف مشبّہ بالفعل کی الجھنوں میں پڑنا مناسب نہیں۔

۹ : مفعول اہم ہے، اس کے سمجھنے تک طلبہ کو یہ بتایا جائے کہ فعل (متعدی) کے بعد کے اسم پر زبر آتا ہے، مفعول کی اعرابی سہولت نیز اردو اور انگریزی قواعد کے مدِ نظر اس کتاب میں فاعل فعل سے پہلے استعمال کیا گیا ہے (بجز جملہ استفہامیہ کے) فاعل سمجھنے کے بعد (جو مشکل نہیں) مفعول کا سمجھنا آسان ہو جائے گا۔ اس وقت یہ عارضی اصول باعثِ سہولت ہوگا۔ رفتہ رفتہ مناسب ہدایات اس سلسلہ میں دی جائیں گی۔

۱۰ : پوچھنے پر بتایا جائے کہ 'اَنْتَ، اَنَا، نَحْنُ، ھٰذَا' وغیرہ کی طرح 'تادۃً، جِدًّا اور دائمًا' کی موجودہ شکلیں اصلی ہیں جو نہیں بدلتیں، اصطلاحی تشریح ابھی مناسب نہیں۔

۱۱ : طلبہ اگر پوچھیں تو بتایا جائے کہ "غدًا، قبل، بعد، وراء، امام، فوق، تحت، الیوم اور الآن" کو اگر ان سے پہلے کوئی زیر دینے والا نہ ہو اور اس جملہ میں کوئی

فعل ہو (پوشیدہ یا ظاہر) تو زبر ہی ہوگا جیسے: یومَ الجمعة، بعدَ الدرس، الیومَ وغیرہ۔

۱۲: اگر طلبہ غیر منصرف اسماء مثلاً مساجد و فوائد وغیرہ پر تنوین لگائیں تو سرِدست اس غلطی کو نظر انداز کر دینا چاہیے۔

۱۳: درس کے عربی کے سوالات اور اردو تمرینیں دونوں ضروری ہیں، ان سے کامل اطمینان کے بعد نیا درس شروع کرایا جائے۔

۱۴: نظم زبانی یاد کرائی جائے، نیز متن کے نصیحت آمیز چھوٹے جملے اور قرآنی آیتیں اگر یاد دلائی جائیں تو مناسب ہوگا۔

۱۵: ان تمام امور کا مقصد یہ ہے کہ متعلم کی توجہ منتشر اور مختل نہ ہو اور مثالوں کی کثرت سے تمام ضروری قواعد غیر شعوری طریقے پر مستحکم ہو جائیں۔

از

سیّد نبی حیدرآبادی

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ


درس ۱

مؤنث اسماءِ اشارہ

هٰذِهِ — تِلْكَ

هٰذِهِ بِنْتٌ

تِلْكَ طَاوِلَةٌ



هٰذِهِ مِبْرَاةٌ

تِلْكَ مِحَّايَةٌ

هٰذِهِ كُرَّاسَةٌ*

اَلْبِنْتُ جَالِسَةٌ

---

* دَفْتَرْ بھی کہتے ہیں ۱۲

اَلطّاوِلَةُ صَغِيرَةٌ　　اَلمِبْراةُ جَدِيدَةٌ

اَلْمَحّايَةُ مُفِيدَةٌ　　اَلْكُرّاسَةُ ضَرُورِيَّةٌ

هٰذِهِ البِنْتُ جَمِيلَةٌ : لا قَبِيحَةٌ

تِلْكَ الطّاوِلَةُ صَغِيرَةٌ : لا كَبِيرَةٌ

تِلْكَ المِبْراةُ جَدِيدَةٌ : لا قَدِيمَةٌ

كُلُّ شَيْءٍ فى هٰذا الرَّسْمِ لِلْبِنْتِ

اَلْبِنْتُ مَشْغُولَةٌ بِالْقِراءَةِ

اَلقِراءَةُ لازِمَةٌ لِكُلِّ بِنْتٍ

اَسْئلة

اين تلك البنت ؟ لِمَنِ المبراة ؟ لِمَن الكراسَة ؟

كيف تلك المبراة ؟ ـــــ أين الطّاولة ؟

مَن مَشغول بِالقراءَةِ ؟

ترجمہ کرو

یہ کاپی ہے۔ وہ ربر ہے۔ یہ قلم تراش ہے۔ وہ باغ ہے۔
یہ مدرسہ ہے۔ یہ میز ہے۔ وہ کرسی ہے۔ یہ دوات ہے۔
وہ قلم ہے۔ یہ لڑکا ہے۔ وہ لڑکی ہے۔ باغ خوبصورت ہے۔
مدرسہ بڑا ہے۔ گفتگو مفید ہے۔ تعطیل قریب ہے۔ وہ
باغ مشہور ہے۔ میوہ لذیذ ہے۔ یہ کاپی کس کی ہے؟
یہ کاپی اس لڑکی کی ہے۔ یہ قاعدہ سہل ہے۔ دعوت سُنّت ہے۔
یہ سنت میٹھی ہے۔

مناسب کلمہ لگا کر جملہ پورا کرو

الحديقة ---	المبراة ---	تلك ----
--- جالسة	--- محّاية	--- للكتابة
الببغاء ---	الحبر ----	--- المحادثة
البرتقال ---	التفّاح ---	قنوالموز ---
--- مدرسة	--- فاكهانى	--- لذيذة
تعليم القرآن ---	الاسلام ---	رسول الإسلام ---

درس ۲

جمع مکسّر

اَلزَّهْرُ جَمِيْلٌ	(هٰذِهٖ)	اَلْاَزْهَارُ جَمِيْلَةٌ
اَلْعِنَبُ حُلْوٌ	(هٰذِهٖ)	اَلْاَعْنَابُ حُلْوَةٌ
اَلثَّمَرُ طَيِّبٌ	(هٰذِهٖ)	اَلْاَثْمَارُ طَيِّبَةٌ
اَللَّعِبُ مُفِيْدٌ	(تِلْكَ)	اَلْاَلْعَابُ مُفِيْدَةٌ
اَلشَّیْءُ جَدِيْدٌ	(تِلْكَ)	اَلْاَشْيَاءُ جَدِيْدَةٌ
اَلْوَلَدُ صَغِيْرٌ	(هٰؤُلَاءِ)	اَلْاَوْلَادُ صِغَارٌ
اَلرَّجُلُ كَبِيْرٌ	(اُولٰٓئِكَ)	اَلرِّجَالُ كِبَارٌ
اَلْبَيْتُ جَمِيْلٌ	(تِلْكَ)	اَلْبُيُوْتُ جَمِيْلَةٌ
اَلْكِتَابُ جَدِيْدٌ	(هٰذِهٖ)	اَلْكُتُبُ جَدِيْدَةٌ
اَلدَّرْسُ مُفِيْدٌ	(هٰذِهٖ)	اَلدُّرُوْسُ مُفِيْدَةٌ

اَلْحَدِيقَةُ كَبِيرَةٌ (تِلْكَ) اَلْحَدَائِقُ كَبِيرَةٌ

اَلصَّدِيقُ صَغِيرٌ (هٰؤُلَاءِ) اَلْاَصْدِقَاءُ صِغَارٌ

مناسب اسمارِ اشارہ لگاؤ

محادثۃ	تمرین	عطلۃ	رجال	صورۃ
مدرسۃ	قلم	مبراۃ	ایّام	اصدقاء
دروس	اشغال	اولاد	کرّاسۃ	ترجمۃ
	کُتُبٌ	رمّان	برتقال	

ترجمہ کرو

درخت اونچے (لمبے) ہیں ، پھل زیادہ ہیں ، پھول کم ہیں ، کتابیں مفید ہیں ، وہ کتابیں نئی ہیں ، الفاظ آسان ہیں، مشکل نہیں ، یہ چیزیں خوبصورت ہیں، بُری نہیں ، وہ کھیل نئے ہیں ، یہ لڑکے چھوٹے ہیں، وہ لڑکے بڑے ہیں ، یہ کام آسان ہے ، وہ کام مشکل نہیں ہے ، یہ لڑکی خوبصورت ہے ، وہ میز بہت قیمتی ہے ، یہ کتابیں سستی ہیں ، باغ بڑا ہے، چھوٹا نہیں ، انگور میٹھے ہیں، کھٹے نہیں ، یہ قاعدہ آسان ہے، مشکل نہیں ۔

درس ۳

مضاف میں تانیث

عُطْلَةُ الصَّيْفِ طَوِيلَةٌ

عُطْلَةُ الشِّتَاءِ قَصِيرَةٌ

قِرَاءَةُ التِّلْمِيْذِ جَيِّدَةٌ

كِتَابَةُ التِّلْمِيْذِ رَدِيئَةٌ

دُرُوسُ الْكِتَابِ مُفِيدَةٌ

رُسُومُ الْكِتَابِ جَمِيلَةٌ

اَثْمَارُ الْحَدِيْقَةِ كَثِيرَةٌ

اَزْهَارُ الْحَدِيْقَةِ قَلِيلَةٌ

حَدِيقَةُ المَدِينَةِ جَمِيلَةٌ

نُزْهَةُ الصَّباحِ مُفِيدَةٌ

مَدِينَةُ لَنْدَنَ كَبِيرَةٌ

مَدِينَةُ حَيْدَرْاباد صَغِيرَةٌ

أَ كُلُّ بِنْتٍ تِلْمِيذَةٌ ؟

لا : كُلُّ بِنْتٍ لَيْسَتْ بِتِلْمِيذَةٍ

أَ هٰذِهِ الدُّرُوسُ مُفِيدَةٌ ؟

نَعَمْ : هٰذِهِ الدُّرُوسُ مُفِيدَةٌ

أَ تِلْكَ الدُّرُوسُ صَعْبَةٌ ؟

لا : تِلْكَ الدُّرُوسُ لَيْسَتْ بِصَعْبَةٍ

اسئلة


أَمدينةُ لندن صغيرةٌ ؟ أمدينة حيدراباد كبيرة ؟
أَعطلة الشّتاء طويلةٌ ؟ أعطلة الصّيف بَصِيرةٌ ؟
أَنزهة الصباح مفيدةٌ ؟ أكُلّ بنت صغيرةٌ ؟
أَكلّ تِلميذ مُجتهدٌ ؟ أَ تلك الدروس صَعبةٌ ؟
كيف رسوم الكتاب ؟ أَمكّة قريبةٌ ؟

ترجمہ کرو

گفتگو کے سبق مفید ہیں ۔ مشق کے جملے سہل ہیں ۔ لڑکی کی میز نئی ہے ۔ ربر کی قیمت کم ہے ۔ یہ قلم تراش اس لڑکے کا ہے ۔ باغ کے درخت بڑے ہیں ۔ سیب کے درخت زیادہ نہیں ہیں ۔ موز کی پھلی سُرخ ہے ۔ سنترے کے درخت ناگپور میں زیادہ ہیں ۔ ہر لڑکی مؤدّب نہیں ۔ ہر میوہ سستا نہیں ۔ ہر قلم تراش قیمتی نہیں ۔ ہر تجارت مفید نہیں ۔ ہر ترجمہ آسان نہیں ۔ کونسا باغ بڑا نہیں ؟ کیا عرب (عربی) مسلم کے لیے عجمی مسلم پر فضیلت ہے ؟ وطن کی خدمت ہر شخص پر واجب ہے ۔ اللہ کی عبادت ہم پر لازم ہے ۔ قرآن مجید میں اسلام کی تعلیم ہے ۔ وہ آسان ہے مشکل نہیں ۔

درس ۴

ضمائر واحد



هُوَ تِلمِیذٌ — هِیَ تِلمِیذَةٌ

هُوَ مُسلِمٌ — هِیَ مُسلِمَةٌ

اِسمُهٗ حَمِیدٌ — اِسمُہا رَشِیدَةٌ

خُلقُهٗ طَیِّبٌ — خُلقُہا ایضاً طَیِّبٌ

فِی یَدِهٖ مِحفَظَةُ الکُتُبِ ، فِیہا کُتُبُهٗ

فِی یَدِہا مِحفَظَةٌ ، فِیہا کُتُبُہا وَکُرّاساتُہا

وَاَقلامُہا وَمِبراتُہا وَمِحّایَتُہا

اَ هِيَ ذَاهِبَةٌ اِلَى المَدْرَسَةِ ؟

نَعَمْ : هِيَ ذَاهِبَةٌ اِلَى المَدْرَسَةِ

اَ هِيَ ذَاهِبَةٌ بِغَيْرِ عَرَبَةٍ ؟

لا : هِيَ مُسْلِمَةٌ :

هِيَ ذَاهِبَةٌ فِي العَرَبَةِ ،

عَرَبَةُ المَدْرَسَةِ وَاقِفَةٌ اَمَامَهَا،

وَ مَعَهَا اِمْرَاَةٌ

اَسْئِلَةٌ

ما اسم البنت ؟ اَهي مسلمة ؟ اَ هي قبيحة ؟

اَيْنَ ذاهبة هي ؟ كيف خلقها ؟ اين محفظتها ؟

من مع العربة ؟ اَ هي صغيرة ؟ اَ هي جميلة ؟

اين عربة المدرسة ؟

ترجمہ کرو


وہ عورت ہے : اس کے اخلاق اچھے ہیں؛ یہ مدرسہ ہے : اس کا نام مشہور ہے ؛ یہ کس کا بستہ ہے : اس میں کیا ہے؛ یہ گاڑی ہے : اس کی قیمت بہت کم ہے ؛ وہ لڑکی گھر کی طرف جارہی ہے ؛ یہ (مسلمان) طالب علم ہے : اس کا نام احمد ہے ؛ یہ ربر خراب ہے : اس کی قیمت کم ہے ؛ یہ باغ ہے : اس میں پھل اور پھول ہیں ؛ صبح کی تفریح بہت مفید ہے ؛ یہ کتابیں ہیں : ان میں تصاویر ہیں ؛ یہ درخت ہیں : وہ بہت اونچے (لمبے) ہیں ؛ وہ مکہ ہے : اس میں اللہ کا گھر ہے ؛ یہ مدینہ ہے : اس میں رسولؐ کی قبر ہے ؛

نوٹ :

امرأة پر "ال" لگاتے وقت شروع کے ہمزہ کو گراکر "المرأة" لکھنا چاہیے ۱۲

درس ۵

ضمائر کی جمع



اَلسَّلامُ عَلَيْكُمْ يا اَصْدِقائِي!

وَعَلَيْكَ السَّلامُ وَرَحْمَةُ اللهِ يا مَجِيدُ.

كَيْفَ اَنْتُمْ؟ نَحْنُ بِالْخَيْرِ.

مِنْ اَيْنَ اَنْتُمْ؟ نَحْنُ مِنْ مَدْرَسَتِنا.

اَهٰذِهٖ مَدْرَسَتُكُمْ؟ نَعَمْ: هٰذِهٖ مَدْرَسَتُنا.

هَلْ هِيَ قَرِيْبَةٌ ؟ نَعَمْ : هِيَ قَرِيْبَةٌ

اَ فِيْهَا الْيَوْمَ لَعِبٌ ؟ لَا : مَا فِيْهَا لَعِبٌ

هَلْ تَعْلِيْمُهَا جَيِّدٌ ؟ نَعَمْ : تَعْلِيْمُهَا جَيِّدٌ

مَا شُغْلُكُمْ اَلْاٰنَ ؟ اَلْاٰنَ شُغْلُنَا لَعِبٌ

هَلْ اِمْتِحَانُكُمْ قَرِيْبٌ ؟

نَعَمْ : اِمْتِحَانُنَا قَرِيْبٌ

اَيْنَ فَرِيْدٌ وَ رَشِيْدٌ وَ سَعِيْدٌ ؟

هُمْ فِيْ بَمْبَئِى

كَيْفَ اُولٰئِكَ الْاَوْلَادُ ؟

هُمْ بِالْخَيْرِ

مَتٰى اِيَابُهُمْ ؟ اِيَابُهُمْ قَرِيْبٌ

اَسْئِلَة

(ا) اَين بيتكم ؟ كيف والدكم ؟ هل أنتم صِغارٌ ؟ اين اصدقاءكم ؟ كيف هم ؟ كيف نُزهة الصباح ؟ أ هى مفيدة ؟ أَدينكم حقٌّ ؟ أ رسولكم محمّد ؟

(ب) أَفِى اللّٰه شك ؟ أَ فى جيبكم فاكهة ؟ أَ فى بيتك حديقة ؟ أ عندكم عربة ؟ أَعندك كلب ؟ أَ فى العطلةِ درس ؟

ترجمہ کرو

(ا) ہمارا رب ؛ تمہارا رب ؛ ان کا رب ؛ تمہاری میز ؛ تمہاری گاڑی ؛ تمہارا گھر ؛ ان کا باغ ؛ ان کا شہر ؛ ان کی تفریح ؛ وہ کون ہیں ؟ وہ لڑکے ہیں : ان کے اخلاق اچھے ہیں ؛ تمہارا بستہ نیا ہے ؛ ہمارا بستہ پُرانا ہے ؛ وہ عورت ہے : اس کے اخلاق بہت

اچھے ہیں ؛ یہ کتابیں نئی ہیں ؛ اُن کی تصویریں اچھی (خوبصورت) ہیں ؛ آج ہمارا کھیل ہے ؛ اب کونسا کام ہمارے لیے اچھا ہے ؟ اللہ تمہارا خالق اور تمہارا رازق ہے ؛

(ب) جیب میں پنسل نہیں ؛ جماعت میں استاد نہیں ؛ طالب علم میں شوق نہیں ؛ درخت پر پھل نہیں ؛ پنجرہ میں طوطا نہیں ؛ کونڈے میں پودا نہیں ؛ کونڈے میں گلاب نہیں ؛ سُست کے لیے کامیابی نہیں ؛ زبان میں اثر نہیں ؛ تجھ میں خیر نہیں ؛ گھر میں کام نہیں ؛ گاڑی میں گھوڑا نہیں ؛ جیب میں کچھ نہیں ؛ انسان میں صبر نہیں ؛

(ج) ہمارے دین میں جبر نہیں ؛ ہمارے رسولؐ میں فخر نہیں ؛ فقر (تنگدستی) ان کا فخر ہے ؛ ہمارے بڑوں (اکابر) میں خلوص نہیں ؛ عمل علم کے لیے بہت ضروری ہے ؛ ہم میں عمل نہیں ؛ کامیابی عمل کے بغیر ممکن نہیں ؛ اسلام کے اصول مشکل نہیں ہیں ؂

درس ٦

صِفت کے مُختلِف مرکّب

بِنْتٌ طَيِّبَةٌ	اِمْرَاَةٌ مُسْلِمَةٌ
شَجَرَةٌ مُبَارَكَةٌ	كَلِمَةٌ طَيِّبَةٌ
اَزْهَارٌ جَمِيلَةٌ	اَثْمَارٌ حُلْوَةٌ
اَيَّامٌ مُبَارَكَةٌ	دُرُوسٌ جَدِيدَةٌ
لَحْمٌ طَرِيٌّ	اَكْوَابٌ صَغِيرَةٌ
طَعَامٌ بَارِدٌ	مَاءٌ حَارٌّ
قِطَّةٌ سَمِينَةٌ	مَدْرَسَةٌ كَبِيرَةٌ
عُطْلَةٌ قَصِيرَةٌ	لَبَنٌ خَالِصٌ
اِلٰهٌ وَاحِدٌ	رَجُلٌ مُسْلِمٌ
تِلْمِيذٌ مُجْتَهِدٌ	اَشْيَاءُ جَدِيدَةٌ

اَلْوَلَدُ الصَّغِيْرُ   اَلْبِنْتُ الْجَمِيْلَةُ

اَلتِّلْمِيْذَةُ الْمُجْتَهِدَةُ

اَلْاَكْوَابُ الصَّغِيْرَةُ

اَلطَّعَامُ الْبَارِدُ   اَلدُّرُوْسُ الْجَدِيْدَةُ

اَلرَّجُلُ الْمُسْلِمُ   اَلْمَرْاَةُ الْمُسْلِمَةُ

اَلْحَدِيْقَةُ الْكَبِيْرَةُ

فِيْ مَدْرَسَةٍ كَبِيْرَةٍ

لِتِلْمِيْذٍ مُجْتَهِدٍ   عَلٰى شَجَرَةٍ مُبَارَكَةٍ

مِنَ الْاَشْيَاءِ الْجَدِيْدَةِ   فِي الْاَكْوَابِ الصَّغِيْرَةِ

فِيْ مِحْفَظَةٍ جَدِيْدَةٍ

اِلٰى اَيَّامٍ كَثِيْرَةٍ   عَلَى الطَّاوِلَةِ الْكَبِيْرَةِ


ذیل کے مفروضہ اعراب والے اسمائ کے ساتھ مناسب صفت لگاؤ:

اِمْرَاةٌ —	شَجَرَةٍ —	كَلِمَةٌ —	اَلْمُدَرِّسَةُ —
اَللَّبَنُ —	اَلْمَدِيْنَةُ —	اَيَّامٌ —	اَلْاَزْهَارِ —
اَلدُّرُوْسُ —	اَلْمِرْاٰةُ —	مِحْفَظَةٍ —	اَلْحِكَايَةَ —
عَرَبَةٍ —	اَلطَّاوِلَةِ —	اَلْبِنْتُ —	تِلْمِيْذٍ —

ترجمہ کرو

نیا کھیل ؛ نئے کھیل ؛ میٹھے انگور ؛ کھٹے پھل ؛ لذیذ سیب ؛ میٹھا سنترہ ؛ ایک عجیب چیز ؛ کسی چھوٹے گھر میں ؛ نئے درسوں میں ؛ مسلمان عورت کے لیے ؛ قدیم زمانے میں ؛ ایک مسلمان لڑکی کے لیے ؛ ایک بڑا شہر ؛ ایک مفید عمل ؛ خوبصورت تصویر سے ؛ نئی میز پر ؛ مبارک شہر میں ؛ چھوٹے ربر سے ؛ مشکل درسوں میں ؛ میٹھے پھلوں کے لیے ؛ گرم کھانے میں ؛ چھوٹی پیالیوں میں ؛ کسی چھوٹی تعطیل میں ؛ ایک خدا سے ۔

درس ۷
مَخلُوط



هٰذا رَجُلٌ فَرَنْجِیٌّ

هٰذا الرَّجُلُ الْفَرَنْجِیُّ واقِفٌ وَمَعَہ
اِمْرَاَۃٌ فَرَنْجِیَّۃٌ ، فِی یَدِھا وَرْدَۃٌ جَمِیلَۃٌ
ھِیَ زَوْجَتُہ ، وَمَعَھا کَلْبٌ جَمِیلٌ . ھٰؤُلَآءِ
اَوْلادٌ صِغارٌ . ھُمْ فِی رِیاضَۃٍ بَدَنِیَّۃٍ
وَالرِّیاضَۃُ الْبَدَنِیَّۃُ لازِمَۃٌ لِکُلِّ تِلْمِیذٍ

مُعَلِّمُ الرِّيَاضَةِ وَاقِفٌ اَمَامَهُمْ

وَ هُوَ مَشْغُولٌ بِتَمْرِيْنِهِمْ

تِلْكَ الرِّيَاضَةُ عَلٰى طَرِيقَةٍ جَدِيدَةٍ

اَلطَّرِيقَةُ الْجَدِيدَةُ مَحْبُوبَةٌ

تِلْكَ الْمَرْاَةُ الْفَرَنْجِيَّةُ نَاظِرَةٌ اِلَيْهِمْ

مَعَ زَوْجِهَا وَهِيَ مَسْرُوْرَةٌ.

اسئلة

من ذالك الرجل؟ من معه؟ ما فى يد المراة؟

ما معها؟ اىّ شئ لازم لكل تلميذ؟ اين المعلم؟

من مسرور؟ اى طريقة محبوبة؟ من ناظر الى الرياضة؟

ترجمہ کرو

(ا) یہ قیمتی میز ؛ وہ نیا ربر ؛ یہ پرانا بستہ ؛ وہ نئی کاپیاں ؛ یہ سستا قلم تراش ؛ نئے گھر میں ؛ کھٹے پھل سے ؛ میٹھا سنترہ ؛ بڑا شہر ؛ مفید تفریح سے ؛ خوبصورت باغ میں ؛ چھوٹے پیالوں میں ؛ نئی گاڑی پر ؛ اچھی بیوی ؛ تازہ دودھ ؛

(ب) وہ لڑکی ہے ؛ وہ مسلمان لڑکی ہے ؛ یہ عورت ہے ؛ یہ مسلمان عورت ہے ؛ یہ باغ ہے ؛ یہ بڑا باغ ہے ؛ گھر میں تصویریں (رسوم) ہیں ؛ گھر میں خوبصورت تصویریں ہیں ؛ میں ایک کام میں ہوں ؛ میں ایک ضروری کام میں ہوں ؛ باغ میں پھول ہیں ؛ اس باغ میں بہت پھول ہیں ؛ لڑکے شہر میں ہیں ؛ وہ لڑکے شہر میں ہیں ؛ میں ورزش میں ہوں ؛ میں جسمانی ورزش میں ہوں ؛ کتابیں میز پر ہیں ؛ وہ کتابیں بڑی میز پر ہیں ؛ تم گفتگو میں ہو ؛ تم اچھی گفتگو میں ہو ؛ ہم ایک شہر میں ہیں ؛ ہم ایک بڑے شہر میں ہیں ؛ لڑکی کرسی پر بیٹھی ہے ؛ لڑکی ایک خوبصورت کرسی پر بیٹھی ہے ؛ صبح کی تفریح اچھی چیز ہے ؛ وہ عورت خوش ہے وہ یورپین عورت بہت خوش ہے ؛ یہ جملے ہیں (جُمَلٌ) ؛ یہ مشکل جملے نہیں ہیں ؛

تمرين ـــ ١

ـــــــ ا ـــــــ

الولد ذاهبٌ الى المدرَسَة وهى فى مدِينَةِ حيدرآباد، هى ليست بِبَعيدة. العَربة لازمةٌ للبنت، لا للولد. فى يدِهِ محفظةٌ، فِيهاكتبٌ و كُراسات ومبراة وقلم الرّصاص. هوجيّد فى الرّياضةِ البدنيّة، وهى مفيدة لِكُلّ تلميذٍ وتلميذةٍ ومعلّمها رجلٌ فرنجيٌّ وهو جيّد فيها. ذٰلك الولد جيّد فى القراءةِ ايضًا؛ لا ردىّ، هومَحبوبٌ فى البَيْت و فى المدرَسةِ، فهوخير مُثالٍ لِغيْرِه؛

ـــــــ ب ـــــــ

السَّلام عليكم يا اصدقائى!

وعليك السَّلام يا سعيدُ


كيف حالكم ؟	نحن بالخير .
مِن اَين انتم ؟	نحن من الحديقة .
كيف هى ؟	هى جميلةٌ .
اَ فيها اثمار ؟	نعم، فيها اَثمار واَزهار ايضًا.
اَفيها تفّاح ؟	لا : ما فيها تفاح .
اَ فيها برتقال ؟	نعم : فيها برتقال .
اَ عندكم ثمرة ؟	لا : ما عندنا شئ ءٌ .
اِلٰى اين، الاٰن ؟	الاٰن، الٰى بيوتنا .
مَن رّبّكم ؟	ربّنا الله .
ما دينكم ؟	ديننا اسلامٌ .
من رسولكم ؟	رسولنا محمدؐ .
اَدينكم خيردين ؟	نعم : هو عندنا خيردين .
اَين قبرالرسول ؟	قبره فى المدينة المنورة .

كيف هواء المدينةِ ومَاءِ هَا ؟

هواءها طيب وماءها طيبٌ


درس ٨

اَلْوَلَدُ ـ خَرَجَ | اَلْوَلَدُ خَرَجَ




اَلْوَلَدُ خَرَجَ مِنَ الْبَيْتِ.

وَ



ذَهَبَ اِلَى الْمَدْرَسَةِ.

وَ



جَلَسَ فِي الصَّفِّ وَقَرَاَ وَكَتَبَ.



ثُمَّ رَجَعَ اِلَى الْبَيْتِ.

اسئلۃ

من خرج ؟ من این خرج ؟ الی این ذھب؟ این جلس ؟
اَقَرَاَ ھناك ؟ اَ كَتَبَ ايضاً ؟ من رجع الی البیت ؟

ترجمہ کرو

استاد نے لکھا ، لڑکے نے پڑھا ، کیا ہر لڑکے نے پڑھا ؟ ہاں : ہر لڑکے نے پڑھا اور لکھا ، کونسا لڑکا جماعت سے نکلا ؟ ماجد جماعت سے نکلا ، یہاں کون بیٹھا ؟ اور وہاں کون گیا ؟ کس نے لکھا ؟ اور کس نے پڑھا ؟ استاد یہاں سے کب گئے ؟ استاد نے فونٹن پن سے لکھا ، اس لڑکے نے پنسل سے لکھا ، گرمی کی تعطیل میں وہ کہاں گیا ؟ میرا دوست صبح کی سیر کے لیے نکلا ، اس نئی کاپی میں کس نے لکھا ؟ لڑکا مدرسہ سے کب واپس ہوا ؟ یہ گاڑی کس کی ہے ؟ اس میں کون بیٹھا ؟ .

درس ۹

ماضی واحد حاضر و متکلم

شَرِبَ	اَكَلَ
شَرِبْتَ شَرِبْتُ	اَكَلْتَ اَكَلْتُ

ماذا اَكَلْتَ؟ اَكَلْتُ الطَّعامَ

ماذا شَرِبْتَ؟ شَرِبْتُ اللَّبَنَ

ماذا قَرَاْتَ؟ قَرَاْتُ الدَّرْسَ

مَنْ قَرَاَ معكَ؟ قَرَاَمَعِی صَدِيقِی

اَفَهِمْتَ الدَّرْسَ الْجَدِيدَ؟ نَعَمْ، فَهِمْتُ

اَحَفِظْتَ دَرْسَ الْاَمْسِ؟ نَعَمْ، حَفِظْتُ

ماذا فَعَلْتَ بَعْدَهُ؟ ذَهَبْتُ اِلَى الْمَدْرَسَةِ

اَفَرِحَ الْاُسْتاذُبِكَ؟ نَعَمْ، فَرِحَ بِی.

اَسْئِلَة

أَ أكلتَ التفاح ؟ أ أكلت البرتقال ؟ أ أكلت التين ؟ أَ شربتَ اللّبن ؟ أ فهمت الدّرس ؟ أ ذهبتَ إلى الحديقة ؟ أَجلست فى العربة ؟ ماذا قرأتَ ، أَحفِظتَ ؟ ماذا فعلتَ فى المدرسة ؟

ترجمہ کرو

بیٹھا ؛ کھایا ؛ پیا ؛ خوش ہوا ؛ تو نکلا ؛ تو گیا ؛ تو واپس ہوا ؛ میں نے کیا ؛ میں نے کھایا ؛ میں نے پیا ؛ میں نے پڑھا ؛ میں نے سبق پڑھا ؛ میں نے پیا ، میں نے پانی پیا ؛ تو نے کھایا ، تو نے سنترہ کھایا ؛ تو نے یاد کیا ، کیا تو نے قرآن یاد کیا ؛ میں نے دودھ پیا ؛ تو نے چائے پی ؛ میں اس کے بعد نکلا ؛ وہ میرے پیچھے نکلا ؛ گاڑی میں کون گیا ؟ کیا تو نے (تازہ) گوشت کھایا ؟ میں آج صبح کی تفریح کے لیے نکلا ؛ تو گرما کی تعطیل میں کہاں گیا ؟ اب تو نے کیا کیا ؟ میں نے کل کا سبق پڑھا اور یاد کیا ؛ استاد مجھ سے بہت خوش ہوئے ؛ کیا تو نے دین سمجھا ؟ میں نے دین اچھی طرح نہیں سمجھا ؛ میں نے اسلام کی تاریخ پڑھی ؛ تو نے حدیث نہیں پڑھی ۔

درس ۱۰

ماضی جمع

نَهَضَ	اَخَذَ	سَاَلَ	سَمِعَ	بَدَاَ
نَهَضُوا	اَخَذُوا	سَاَلُوا	سَمِعُوا	بَدَءُوا
نَهَضْتُمْ	اَخَذْتُمْ	سَاَلْتُمْ	سَمِعْتُمْ	بَدَاْتُمْ
نَهَضْنَا	اَخَذْنَا	سَاَلْنَا	سَمِعْنَا	بَدَاْنَا

بَدَاَ خَتَمْتَ سَمِعُوا حَفِظْنَا

فَهِمْتُمْ رَجَعْتُمْ دَخَلْتُ سَاَلْنَا

اَخَذَ اَكَلُوا

اَلْاُسْتَاذُ دَخَلَ الصَّفَّ

فَالتَّلَامِيْذُ نَهَضُوا لَهُ

اَلْعَرِيفُ بَدَأَ الدَّرْسَ

وَالتَّلَامِيذُ سَمِعُوهُ

ثُمَّ خَتَمَ الْعَرِيفُ الدَّرْسَ وَالْأُسْتَاذُ سَأَلَهُ

أَفَهِمْتَ الدَّرْسَ يَا عَرِيفُ ؟

نَعَمْ ، فَهِمْتُ يَا سَيِّدِي

ثُمَّ سَأَلَ الْأُسْتَاذُ التَّلَامِيذَ

الاستاذ : أَسَمِعْتُمُ الدَّرْسَ الْجَدِيدَ وَفَهِمْتُمْ؟

التلاميذ : نَعَمْ ، سَمِعْنَا وَ فَهِمْنَا جَيِّدًا

فَبَعْدَ قَلِيلٍ نَهَضَ الْأُسْتَاذُ وَخَرَجَ

مِنَ الصَّفِّ وَالتَّلَامِيذُ نَهَضُوا لَهُ

بِالْأَدَبِ .

اَسْئِلَة

مَاذا قرأتَ ؟ هل بَدأتم العربيّ ؟ أسمع التلاميذ الـدّرسَ ؟ أ فَهِموه وحفظوه ؟ أبدأت الكتابَ العَربيّ ؟ أ فهمتم درسَ الامسِ ؟ من عريفكم وكيف هو؟ أسَمِعتم القرآنَ ؟ أحَفِظتم درسَكم و فهمتم ؟ هلِ التلاميذ فرحوا بالاستاذ ؟ هلِ القرآن كتاب الله ؟

مُناسِب فعل لِکھو

اَنَا ــــ سَمِع	نحنُ ــــ حفِظ	اَنتم ــــ اَخذ
اَنْتَ ــــ اَکل	هم ــــ شَرِب	انا ــــ فعل
نحن ــــ قرأ	انتم ــــ رجع	اَنتَ ــــ خرج
اَنا ــــ بدأ	انتَ ــــ ختم	نحن ــــ سَأل

ترجمہ کرو

اٹھا . گیا . سُنا . پوچھا . نکلے . بیٹھے . پڑھا . لکھا . تو نے کیا . تو نے سمجھا . تو نے یاد کیا . میں نے کھایا . میں نے پیا . میں واپس ہوا . تم نے لیا . تم نے شروع کیا . تم نے ختم کیا . ہم نے سُنا . ہم نے پوچھا .

اُستاد نے کتاب لی ۔ لڑکی نے سبق پڑھا ۔ لڑکے نے سبق سمجھا ۔ لڑکے، استاد کے لیے لِٹھے ۔ انھوں نے سبق شروع کیا، اور اچھی طرح سمجھا ۔ میں اس کام سے خوش ہوا، تو بھی خوش ہوا ۔ میں نے ورزش جسمانی شروع کی ۔ تو مانیٹر کے ساتھ کہاں گیا؟ میں نے میٹھے انگور کھائے ۔ تو نے بہت انجیر لیے ۔ لڑکوں نے گفتگو ختم کی ۔ وہ گھروں کو واپس ہوگئے ۔ تم نے سرما کی تعطیل میں کیا کیا؟ گرما کی تعطیل میں ہم نے عربی شروع کی ۔ عربی قرآن کی زبان ہے ۔ تم نے ربر کس لڑکے سے لیا؟ میں نے ربر اس لڑکے سے لیا ۔ اس فرنگی نے بھی عربی پڑھی اور قرآن مجید بھی سمجھا ۔ یہ بستہ کس کا ہے؟ وہ میرا ہے، اس میں فونٹن پن، کاپی اور قلم تراش ہے ۔ احمد! کیا تو نے میری کاپی لی؟ ہاں: میں نے لی ۔ کیا تم نے اسلام کا مطلب سمجھا؟ اسلام بہترین مذہب ہے ۔ ہمارے رسولؐ محمد ہیں، اور وہ عالم کے لیے رحمت ہیں ۔ ہمارا خدا ایک ہے اور وہ ہمارا خالق اور ہمارا رازق ہے ۔

ملاحظہ:

بتایا جائے کہ جمع کے صیغے کے بعد اگر ضمیر مثلاً "ہ، ھا، كَ، كُم" وغیرہ ہو تو الف نہیں لکھا جائے گا مثلاً "کتبوہ، سَألوكم، اَخذونی" وغیرہ

درس ۱۱

مخلوط

اَلنُّزْهَةُ فِی الصَّبَاحِ

خَرَجْنَا لِلنُّزْهَةِ فِی الصَّبَاحِ اِلٰی حَدِیقَةٍ فَدَخَلْنَاهَا وَجَلَسْنَا تَحْتَ شَجَرَةٍ عِنْدَ الْمَاءِ وَنَظَرْنَا اِلٰی اَزْهَارٍ جَمِیلَةٍ وَفَرِحْنَا بِهَا ، فَنَهَضَ اَحَدٌ مِنْ اَصْدِقَاءِنَا وَذَهَبَ اِلَی الْاَشْجَارِ وَقَطَفَ مِنْهَا زَهْرًا وَفَاكِهَةً اَیْضًا ، اَنَا مَنَعْتُهُ وَالْاَصْدِقَاءُ اَیْضًا مَنَعُوهُ لٰكِنْ مَا رَجَعَ عَنْ فِعْلِهِ ، فَبَعْدَ قَلِیلٍ ، ظَهَرَ صَاحِبُ الْحَدِیقَةِ وَسَاَلَهُ : لِمَاذَا قَطَفْتَ الْفَاكِهَةَ وَاَكَلْتَهَا بِغَیْرِ اِذْنٍ ؟ اَاَذِنْتُ لَكَ ؟

اَنَا مَا اَذِنْتُ ـــ! ثُمَّ اَخَذَهٗ وَضَرَبَهٗ.

يَا اَصْدِقَائِىْ!

اَخْذُ شَىْءٍ بِغَيْرِ اِذْنٍ عَادَةٌ مَذْمُوْمَةٌ.

اسئلة

اِلٰى اين خرج الاولاد ؟ متى خرجوا ؟ اين جلسوا ؟
بِاَىِّ شئٍ فرِحوا ؟ من قطف الفاكهة ؟ أ مامنعهٗ احد ؟
أقطف الولد باذنٍ ؟ من ضربه ؟ أضربتم احدًا ؟
أدخلتم حديقة بغير اذنٍ ؟ أأخذتم منها شيئًا ؟.

ترجمہ کرو

میں نے کسی کو اجازت نہیں دی ، استاد نے (شریر) لڑکے کو مارا ، کیا تم نے کسی کو نہیں مارا ؟ ہم نے اب تک کسی کو خیر سے منع نہیں کیا ، بغیر اجازت ہم کسی کے گھر میں نہیں گئے ، تم نے (لال) پہنی لی ، ہم نے (پیلے) موزے لیے ، میں نے بہت پھول توڑے ، ہم آپ کی گفتگو سے بہت خوش ہوئے ، لڑکوں نے یہ سبق اچھی طرح یاد کیا ، انھوں نے دین کو بھی سمجھا ، دین آسان ہے مشکل نہیں .

درس ۱۲


مضارع

فَعَلَ ، يَفْعَلُ ، يَفْعَلُونَ

ضَحِكَ ، يَضْحَكُ ، يَضْحَكُونَ


مَزِحَ ، يَمْزَحُ ، يَمْزَحُونَ

لَعِبَ ، يَلْعَبُ ، يَلْعَبُونَ



مَاذَا يَفْعَلُ الوَلَدُ؟

هُوَ يَعْبُدُ اللهَ.



مَاذَا يَفْعَلُ الْاٰنَ ؟

اَلْاٰنَ يَرْكَعُ ثُمَّ يَسْجُدُ.

اَهٰذِهٖ صَلٰوةٌ ؟ نَعَمْ ، هٰذِهٖ صَلٰوةٌ.



مَاذَا يَفْعَلُونَ ؟

هُمْ يَلْعَبُونَ ،

وَيَضْحَكُونَ ،

وَيَمْزَحُونَ .



مَاذَا يَفْعَلُونَ

الْآنَ ـــــــ ؟

يَضْرِبُ بَعْضُهُمْ

بَعْضًا .

فَهٰذِهِ نَتِيجَةُ الْمِزَاحِ

هٰٓؤُلَآءِ الْأَوْلَادُ يَأْكُلُونَ وَيَشْرَبُونَ

مِنْ رِزْقِ اللّٰهِ وَلٰكِنْ لَا يَعْبُدُونَ .

اَسْئِلَة

اَيَقرا ذٰلك الولد؟ اَيكتب ؟ اَ يعبد ؟ اَ يقرا هٰؤلاء الاولاد ؟ اَ يعبدون ؟ اَ يمزحون ؟ من يضحك ؟ من يعبد ؟ من يركع ؟ من يسجد ؟ من يلعب ؟ هَلِ الصلوٰة واجبة علٰى كل مسلم ؟

مضارع (واحد و جمع) بناؤ

ذَهَبَ	رَجَعَ	خَرَجَ	فَهِمَ	حَفِظَ
شَرِبَ	نَهَضَ	دَخَلَ	سَاَلَ	سَمِعَ
بَدَاَ	خَتَمَ	اَخَذَ	فَرِحَ	نَظَرَ
قَطَفَ	مَنَعَ	ظَهَرَ	اَذِنَ	اَكَلَ

ترجمہ کرو

جاتا ہے ۔ کھیلتا ہے ۔ ہنستا ہے ۔ پڑھتے ہیں ۔
لکھتے ہیں ۔ نکلیں گے ۔ بیٹھیں گے ۔ کھیلیں گے ۔
کھائے گا ۔ پیے گا ۔ خوش ہوگا ۔ نہ مارے گا ۔
نہ پوچھے گا ۔ نہ توڑے گا ۔ نہ کھائیں گے ۔ نہ پییں گے ۔

اچھا لڑکا مدرسہ جاتا ہے ؛ جماعت میں داخل ہوتا ہے، اور ادب سے بیٹھتا ہے ؛ وہ اپنے استاد سے ہر چیز سُنے گا، سمجھے گا اور اچھی طرح یاد کرے گا ؛ استاد اس لڑکے کو نہیں مارتا، وہ اس سے بہت خوش ہوتا ہے ؛ لڑکے ادب سے بیٹھتے ہیں، پڑھتے ہیں اور لکھتے ہیں ؛ پھر گھروں کو واپس ہوں گے، کھائیں گے، پییں گے اور کتابیں پڑھیں گے ؛ اور اللہ کا کلام سُنیں گے ؛ کیا وہ اس کو یاد رکھیں گے ؟ کیا وہ اس پر عمل کریں گے ؟ کامیابی عمل سے ہے نہ کہ علم سے ؛ نماز ہر مسلم کے لیے لازم ہے ؛ اللہ ہمارا خالق ہے، ہمارا رازق ہے، کیا اس کا شکر ہم پر واجب نہیں ؟ نماز اس شکر کی علامت ہے ؛ وہ دین کا ستون (عماد) ہے ؛ مسلم ہر وقت نماز کے لیے مسجد کو جاتا ہے ؛ مسجد نماز کے لیے ہے، گفتگو کے لیے نہیں ؛ کیا تم نے نماز کا مطلب سمجھا ؟ نہیں، تم نے اس کا مطلب نہیں سمجھا ؛ اس میں بہت فوائد ہیں ۔

مُلاحظہ

اساتذہ صاحبان منفی مضارع کے لیے سر دست شروع میں "لا" لگوائیں ۔

درس ۱۳

مضارع واحد حاضر و متکلم



فَعَلَ	قَرَاَ	فَهِمَ	اَكَلَ	ذَهَبَ
تَفْعَلُ	تَقْرَاُ	تَفْهَمُ	تَاْكُلُ	تَذْهَبُ
اَفْعَلُ	اَقْرَاُ	اَفْهَمُ	اٰكُلُ	اَذْهَبُ

ماذا تَفْعَلُ يا حَمِيدُ ؟ اٰكُلُ الطَّعَامَ

اَتَاْكُلُ الطَّعَامَ دائِمًا وَاَنْتَ وَحِيدٌ ؟

تَارَةً اٰكُلُ وَاَنَا وَحِيدٌ وَتَارَةً مَعَ الْاَصْدِقَاءِ

مَاذَا تَاْكُلُ الْاٰنَ ؟ اَلْاٰنَ اٰكُلُ الْخُبْزَ

اَ تَاْكُلُ الرُّزَّ فِي الْبَيْتِ ؟

نَعَمْ : اٰكُلُ الرُّزَّ فِي الْبَيْتِ

فِي الْغَدَاءِ وَالْعَشَاءِ

اَلَا تَاْكُلُ فِي الْفَتْرَةِ يَا مَجِيدُ ؟

لَا اٰكُلُ شَيْئًا يَا حَمِيدُ .

اسئلة

ماذا ياكل حميد ؟ أياكل الخبز ؟ أياكل الرزّ ؟

أيلعب الاولاد فى الفترة ؟ أياكلون ؟ أيقرؤن ؟

أ تشرب اللبن ؟ أتاكل الفاكهة ؟ أتفهم التمرين ؟

ترجمہ کرو

(ا) تو ہنستا ہے ؛ تو کھیلتا ہے ؛ میں پڑھتا ہوں ؛ میں عبادت کرتا ہوں ؛ تو بیٹھتا ہے ؛ میں اٹھتا ہوں ؛ تو نکلے گا ؛ میں داخل ہوں گا ؛ میں اجازت دیتا ہوں ؛ تو منع کرتا ہے ؛ تو کھاتا ہے ؛ تو روٹی کھاتا ہے ؛ تو پیتا ہے ؛ تو دودھ پیتا ہے ؛ میں لوں گا ؛ میں خوبصورت پھول لوں گا ؛ میں یاد کروں گا ؛ میں نیا سبق یاد کروں گا؛ تو فارسی پڑھتا ہے ؛ میں عربی زبان پڑھتا ہوں ؛ میں دوپہر کے کھانے میں چاول بھی کھاتا ہوں اور روٹی بھی ؛ ہم شام کے کھانے کے بعد دودھ بھی پیتے ہیں ؛

(ب) مسلم کسی صورت میں نماز سے غفلت نہیں کرتا (غَفَلَ)؛ وہ ہر کام خلوص سے کرتا ہے ؛ کامیابی خلوص کے بغیر حاصل نہیں ہوتی (حَصَلَ) ، لیکن اب ہم میں دین نہیں ، ہم میں خلوص نہیں، اس لیے ہم عزت سے بہت دور ہو گئے ، اور اب ہمارے لیے ذلت ہے ، یہ ہمارے اعمال کا نتیجہ ہے ؛ ہم ہر چیز میں شہرت طلب کرتے ہیں ؛ اور شہرت ہمارا مقصود ہے ۔

درس ۱۴

مُضارع جمع

تَفْعَلُ ، تَفْعَلُونَ ، نَفْعَلُ

تَقْرَأُ ، تَقْرَؤُنَ ، نَقْرَأُ

ماذا تَفْعَلُونَ ؟ نَقْرَأُ وَنَكْتُبُ

ماذا تَقْرَؤُنَ ؟ نَقْرَأُ الْكُتُبَ

ماذا تَكْتُبُونَ؟ نَكْتُبُ الدَّرْسَ

اَلاتَلْعَبُونَ الْيَوْمَ ؟ لَانَلْعَبُ الْيَوْمَ

اَ تَخْرُجُونَ لِلنُّزْهَةِ ؟

نَعَمْ : نَخْرُجُ بعدَ الْقِراءَةِ

فِی اَیِّ سَنَةٍ اِمْتِحَانُکُمْ ؟ فِی هٰذِهِ السَّنَةِ

فِی اَیِّ شَهْرٍ ؟ فِی شَهْرِ اَبْرِیل

مِنْ اَیِّ یَوْمٍ ؟ مِنْ یَوْمِ الْاِثْنَیْنِ

هٰذَا بَرْنَامَجُ الْاِمْتِحَانِ

اَلْاُرْدُو ———— یَوْمَ الْاِثْنَیْنِ

اَلتَّارِیخُ ———— یَوْمَ الثُّلَاثَاءِ

اَلْعَرَبِیُّ ———— یَوْمَ الْاَرْبَعَاءِ

اَلدِّینِیَّاتُ ———— یَوْمَ الْخَمِیسِ

اَلْحِسَابُ ———— یَوْمَ الْجُمُعَةِ

اَلْاِنْکْلِیزِیُّ ———— یَوْمَ السَّبْتِ

أَسْئِلَة

أَ تفهمون الدرس؟ أَ تقرؤن القرآن؟ أَ تفهمون القرآن؟ أَ تاكلون فى الفترة؟ أَ تلعبون؟ أَتعبدون؟ أَتنهضُ صباحًا؟ أَ تمزح فى الصّفّ؟ أَ تسجدون لِلّٰهِ؟ أَ تلعب بكرة القدم؟ أَ تشكرون لِلّٰهِ؟

ترجمہ کرو

آپ کھیلتے ہیں؛ ہم پڑھتے ہیں؛ ہم کھانا کھاتے ہیں؛ آپ دودھ پیتے ہیں؛ ہم گوشت کھاتے ہیں؛ آپ پھل کھاتے ہیں؛ ہم پیر کے دن نکلیں گے؛ کیا آپ چہار شنبہ کے دن نکلیں گے؟ آپ منگل کے دن کہاں جائیں گے؟ تو ہفتہ کے دن کہاں جائے گا؟ کیا اتوار کے دن تعطیل ہے؟ ہم جمعرات تک کتاب ختم کریں گے؟ تم شام کے کھانے میں کیا کھاتے ہو؟ کیا تم دوپہر کے کھانے میں روٹی نہیں کھاتے؟ تعطیل میں ہمارا پروگرام تفریح ہے؛

مئی کا مہینہ گرما کا مہینہ ہے؛ دسمبر (دیسمبر) کا مہینہ ہے؛ جنوری (ینایر) کا مہینہ سال کی ابتداء ہے؛ مارچ (مارس) اور اپریل (ابریل) میں لڑکوں کے امتحانات ہیں؛

(یوم الاحد - اتوار)

درس ۱۵

مخلوط ماضی و مضارع

مجید: اَتَذْهَبُ الْيَومَ اِلَى الْمَدْرَسَةِ يا حَمِيدُ؟!

ح. نَعَمْ: اَذْهَبُ الْيَوْمَ وَلٰكِنْ لا اَذْهَبُ غدًا.

م. لِماذا لا تَذْهَبُ غدًا ؟

ح. غدًا يَوْمُ الْعُطْلَةِ.

م. اَ حَفِظْتَ دَرْسَ الْاَمْسِ ؟

ح. نَعَمْ، حَفِظْتُ.

م. اَ كَتَبْتَ فُرُوضَ الْمَدْرَسَةِ اَنْتَ
وَ اَصْدِقاؤُكَ ؟

ح. نَعَمْ، كَتَبْنا جَيِّدًا جِدًّا.

م. مَتٰى تَذْهَبُ اِلَى الْمَدْرَسَةِ كُلَّ يَوْمٍ؟

ح ، اَذْهَبُ اِلَى الْمَدْرَسَةِ بَعْدَ الْفَطُوْرِ .

م ، ماذا تَاْكُلُ وَتَشْرَبُ فِى الْفَطُوْرِ ؟

ح ، اٰكُلُ الْخُبْزَ بِالْاِدَامِ وَاَشْرَبُ الشَّاىَ

م ، ماذا تَفْعَلُ اَنْتَ وَ اَصْدِقاؤُكَ ؟
بَعْدَ الدَّرْسِ ؟

ح ، نَلْعَبُ بِكُرَةِ الْقَدَمِ فِى الْمَيْدَانِ .

م ، اَ هٰكَذَا تَفْعَلُوْنَ دَائِمًا ؟

ح ، نَعَمْ ، نَفْعَلُ هٰكَذَا .

م ، اَيَقْرَاُ مَعَكَ اَصْدِقَاؤُكَ ؟

ح ، هُمْ يَقْرَؤُنَ مَعِىَ فِى النَّهَارِ
وَفِى اللَّيْلِ يَقْرَؤُنَ فِى بُيُوْتِهِمْ .

أَسْئِلَة

مَن لعِب مَعكَ ؟ مَن قَرَأَ ؟ مَن كتبَ ؟ من يقرء مَعك ؟ مَن يكتُب ؟ مَن يَلعَب ؟ أ يلعبُ الاولاد ؟ متٰى يَلعبون ؟ اينَ يَلعبُون ؟ اَقرؤا الدَّرسَ ؟ اَفهموه ؟ اَ اَكلتَ التينَ ؟ اَ اَكلتَ العِنبَ ؟ اَ اكلتَ التفّاحَ ؟ اَعبدتم اللهَ ؟ اَسجدتم لهُ ؟ اَ تَشربُ الشّاىَ ؟ اَتاكل البرتقالَ ؟ اَ تاكل الخبزَ ؟ اَتلعبونَ غدًا ؟ اَتقرؤن اليومَ ؟ اَتسجدونَ لِلّٰهِ ؟ اَخرجتم تارةً لِلنّزهةِ ؟ اَجلستم فى عربةٍ ؟ اَ لعِبتَ بالكرة ؟ اَتاكلونَ لحمًا طريًّا ؟ اَتشربون لبنًا خالصًا ؟ اَتقرأُ دائمًا ؟ اَتلعب فى الفترة ؟ اَ تاكلون الرزّ دائمًا ؟ اَتكتبون بقلم الحبر ؟

ترجمہ کرو

